نمازِ جمعہ کے بعد حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی عیادت فرمائی، آپ دن بھر مولانا سمیع الحق کے ساتھ رہے اور رات اسلام آباد واپس تشریف لے گئے۔

۳۱ر دسمبر ـــــ مولانا عبدالباقی سابق وزیر اوقاف سرحد کی دارالعلوم آمد اور شیخ الحدیث مدظلہ سے ملاقات۔

یکم جنوری ۱۹۷۹ء ـــــ ادارۂ تحقیقات اسلامی پاکستان اسلام آباد کے ڈائرکٹر جناب ڈاکٹر عبدالواحد اور حضرت مولانا عبدالحق ربانی میر پور خاص دارالعلوم کے معائنہ اور شیخ الحدیث مدظلہ کی ملاقات کے لئے تشریف لائے۔ مولانا عبدالحق ربانی دارالعلوم دیوبند کے زمانۂ طالب العلمی میں شیخ الحدیث مدظلہ کے رفیق رہے۔ آپ مولانا عبید اللہ سندھی سے بھی استفادہ کر چکے ہیں۔ نمازِ ظہر کے بعد دارالحدیث میں طلبہ سے ہر دو حضرات نے خطاب بھی فرمایا۔ مولانا ربانی صاحب موصوف کا موضوع خطاب حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی اور مولانا محمد قاسم نانوتوی کی تصانیف اور علوم رہا۔ آپ نے طلبہ اور اہل علم پر زور دیا کہ ان حضرات کی تصانیف اور علوم سے گہرا شغف پیدا کریں۔

۲ر جنوری ـــــ دارالعلوم کے دو سابق فارغ التحصیل حضرات مولانا حسین بادشاہ وزیرستانی مولانا نجم الدین وزیرستانی کی دستار بندی دارالحدیث میں اساتذہ نے فرمائی۔

۶ر جنوری ـــــ دارالعلوم کے سہ ماہی تقریری وتحریری امتحانات شروع ہوئے جو ہفتہ بھر جاری رہے۔

۶ر جنوری ـــــ مولانا سمیع الحق صاحب نے لاہور میں جمعیۃ العلماء اسلام کی مرکزی مجلس شوریٰ میں شرکت کی۔

۷ر جنوری ـــــ لاہور میں وفاق المدارس العربیہ کی مجلس شوریٰ کا اجلاس ہوا جس میں دارالعلوم حقانیہ سے مولانا سمیع الحق صاحب شریک ہوئے۔

۹ر جنوری ـــــ مولانا سمیع الحق صاحب حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق صاحب مدظلہ کی آنکھوں کے اپریشن کے سلسلہ میں لاہور سے کراچی روانہ ہوئے۔

۱۳ر جنوری ـــــ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ پشاور سے بذریعہ طیارہ بغرض علاج کراچی پہنچے ہوائی اڈہ پر علماء وصلحاء اور متعلقین نے استقبال کیا۔ آپ کے قیام کراچی وعلاج وغیرہ کی تفصیل اگلے شمارہ میں شائع ہوگی۔